فلیمون کے نام پولس رسُول کا خط

پولس کی جانب سے جو مسیح یسوع کا قیدی ہے اور ہمارے بھائی تیمتھیس کی طرف سے

ہمارے عزیز دوست فلیمون اور اس کے ساتھ کام کرنے والوں کو سلام۔ **۲** اور افیہ ہماری بہن اور ہمارا ساتھی ہم سپاہ ارخُپس اور تمہارے گھر میں جمع ہونے والے کلیسا کے نام۔

۳ خدا ہمارے باپ اور خداوند یسوع مسیح کا فضل اور سلامتی تم پر ہو۔

فلیمون کی محبت اور ایمان

۴ میں اپنی دعاؤں میں تمہیں یاد کرتا ہوں اور ہمیشہ تمہارے لئے خُدا کا شکر ادا کرتا ہوں۔ **۵** میں تُمہاری محبت کے متعلق سنتا ہوں جو تُم خُدا کے مقدس لوگوں کے لئے رکھتے ہو اور خُداوند یسوع میں تُمہارا ایمان ہے وہ بھی سنتا ہوں۔ **۶** میں دعا کرتا ہوں کہ جس ایمان میں ہم ساتھ حصّہ لیتے ہیں ہماری تمام اچھی چیزیں جو خُداوند یسوع میں رکھتے ہیں اس کے سمجھنے میں تمہاری مدد کرسکتے ہیں۔ **۷** میرے بھائی! تُم نے اپنی محبّت جو خُدا کے لوگوں کے لئے کی ہے اس کو بتایا ہے تم نے انہیں خُوش کیا ہے جس سے مجھے بھی بہت خُوشی ملی اور ہمّت بندھی ہے۔

انیسِمُس کو بھائی کی طرح قبول کرو

۸ کچھ نہ کچھ اس جگہ تم کو کرنا چاہئے۔ مسیح میں یقین محسوس کرتے ہوئے تم کو وہ کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ **۹** لیکن حقیقت میں تمہیں حکم نہیں دے رہا ہوں بلکہ محبت کے نام پر میں التجا کررہا ہوں کہ تم کچھ کرو۔ میں پولس ہوں ، میں بوڑھا ہو گیا ہوں اور میں مسیح یسوع کا قیدی ہوں۔ **۱۰** میں اپنے فرزند انیسِمُس کی بابت جو قید کی حالت میں مجھ سے پیدا ہوا تجھ سے التماس کرتا ہوں۔ **۱۱** پہلے وہ تمہارے لئے بے کار تھا لیکن اب وہ ہم دونوں کے لئے کارآمد ہے۔

۱۲ میں اسے تمہارے پاس واپس بھیج رہا ہوں اس کے ساتھ میں اپنا دل بھیج رہا ہوں۔ **۱۳** اسکو میرے ساتھ تمہاری جانب سے میری مدد کے لئے رکھنے کو ترجیح دیتا ہوں جبکہ میں انجیل کے لئے قید میں ڈالا گیا ہوں۔ **۱۴** لیکن تیری مرضی کے بغیر میں کچھ کرنا نہیں چاہتا تاکہ تیرا نیک کام لاچاری سے نہیں بلکہ خوشی سے ہو۔

۱۵ انیسِمُس تھوڑے وقت کے لئے تم سے دور ہوا ہو گا تاکہ ہمیشہ تمہارے پاس رہے۔ **۱۶** مگر اب اُسے غلام کی طرح نہیں بلکہ غلام سے بہتر ہو کر یعنی ایسے بھائی کی طرح رہے جو جسم میں بھی اور خداوند میں بھی میرا نہایت عزیز اور تیرا اِس سے بھی کہیں زیادہ۔

۱۷ اگر تم مجھے ایک ساجھے دار کی طرح سمجھتے ہو تو انیسِمُس کو واپس قبول کرو جس طرح تم میری خاطر کرتے ہو اسی طرح اس کی بھی خاطر کرو۔ **۱۸** اگر وہ کچھ تیرے خلاف کرے یا اگر وہ تجھے کُچھ رقم باقی ہو وہ میرے حساب میں ڈال دے۔ **۱۹** میں پولس ہوں اور یہ خط میں خُود اپنے ہاتھ سے لکھ رہا ہوں اگر انیسِمُس کا کچھ رقم باقی ہو تو میں اس کو ادا کروں گا اور میں تم سے کچھ نہیں کہوں گا تمہاری اپنی زندگی میں تم میرے مقروض ہو۔ **۲۰** ہاں میرے بھائی! میں تم سے پوچھتا ہوں کہ خداوند میں کچھ تو میرے لئے کرو مسیح میں میرے دل کو آرام دو۔ **۲۱** میں یقین میں یہ خط لکھ رہا ہوں کہ جو کچھ کہتا ہوں تم وہ کروگے اور میں جانتا ہوں کہ جو میں نے کہا ہے تم اس سے بھی زیادہ کروگے۔

۲۲ اور براہ کرم میرے رہنے کے لئے ایک کمرہ تیار رکھو مجھے امید ہے خدا تمہاری دعاؤں کو سن لے گا اور میں تمہارے پاس آنے کے قابل ہوں گا۔

آخری سلام

۲۳ اپافراس بھی میری طرح ایک قیدی ہے وہ تمہیں مسیح یسوع میں سلام کہتا ہے۔ **۲۴** اور مرقس، ارسترخُس، دیمایس اور لوقا بھی جو میرے ساتھ کام کر رہے ہیں تمہیں سلام کہتے ہیں۔ **۲۵** ہمارے خداوند یسوع مسیح کا فضل تمہاری روح پر ہوتا رہے۔ آمین۔